# دفتر افسر اعلیٰ تعلقات عامہ

# جامعہ ملیہ اسلامیہ

پریس ریلیز

## جامعہ ملیہ اسلامیہ بیچ دو ہزار چھبیس پلیسمنٹس کا شان دار آغاز

New Delhi, September 17, 2025

یونیورسٹی پلیسمنٹ سیل، جامعہ ملیہ اسلامیہ کو جامعہ بیچ دو ہزار چھبیس کے لیے تقرریوں کے آغاز کا اعلان کرتے ہوئے فخر محسوس ہورہا ہے جس میں طلبہ کو باوقار ملٹی نیشنل کمپنیوں میں ملازمتیں مل رہی ہیں۔

اس کی شروعات اس طرح ہوئی کہ بی۔ٹیک کمپیوٹر انجینئر نگ کے ایک طالب علم کو آپٹم کی جانب سے سافٹ ویئر ڈولپمنٹ انجینئر کے رول کے لیے اٹھارہ لاکھ روپے سالانہ کا شان دار پری پلیسمنٹ آفر (پی پی او) ملا ہے۔

حصولیابیوں میں مزید اضافے کی صورت میں بی۔ٹیک کمپیوٹر انجینئر نگ کے ہی چار طلبہ کو آئی ڈی ایف سی فرسٹ بینک نے اپلی کیشن انجینئر کے طور پر سالانہ سولہ لاکھ روپے کے پیکیج پر منتخب کیا۔

بی۔ٹیک۔الیکٹرانکس اینڈ کمیونی کیشن کے ایک طالب علم کو موقر کمپنی ایکسنچر کی جانب سے پی پی او کے رول کے لیے گیارہ اعشاریہ نواسی ہزار کا سالانہ پیکیج ملا ہے۔

مزید برآں بی۔ٹیک اور ایم۔ٹیک الیکٹریکل انجینئر نگ کے تین طلبہ کو سیمنس انرجی انڈیا لمٹیڈ (ایس ای آئی ایل) نے منتخب کیا ہے۔بی۔ٹیک گریجویٹس کو گریجویٹ انجینئر ٹرینی (جی ای ٹی) کے رول کے لیے چھ لاکھ سالانہ کا پیکیج ملا ہے جب کہ ایم۔ٹیک گریجویٹ کو پوسٹ گریجویٹ انجینئر ٹرینی (پی جی ای ٹی) کے رول کے لیے نو لاکھ کے سالانہ پیکیج پر منتخب کیا گیا ہے۔

یہ شان دار اور اہم حصولیابیاں طلبہ کی سخت کاوشوں، فیکلٹی اراکین کی مخلصانہ و مشفقانہ نگرانی اور یونیورسٹی پلیسمنٹ سیل کی صنعت اور علمی اکائی کے درمیان مستحکم اور توانا تعلقات کی تعمیر کے لیے کی جانے والی مساعی کا ثبوت ہیں۔

قابل ذکر ہے کہ ممتاز کمپنیوں میں شان دار تنخواہوں پر طلبہ کی تقرریاں عزت مآب شیخ الجامعہ، جامعہ ملیہ اسلامیہ پروفیسر مظہر آصف اور پروفیسر محمد مہتاب عالم رضوی، مسجل، جامعہ ملیہ اسلامیہ کی اہل قیادت کی سرپرستی میں ہوئی ہیں۔

پروفیسر راحیلہ فاروقی، اعزازی ڈائریکٹر، پروفیسر صباح خان اعزازی، ڈپٹی ڈائریکٹر اور پروفیسر ریحان خان سوری پروفیسر (ٹی پی او) اینڈ ڈائریکٹر سی آئی ای نے طلبہ کی نمایاں حصولیابیوں پر انہیں مبارک باد دی ہے۔

**پروفیسر صائمہ سعید**

افسر اعلیٰ، تعلقات عامہ